© rasailojaraid.com



شکوہ بجا ہے کہ مذہبی رسائل کی اکثریت عوام کی پسند کے آگے جھک گئی ہے۔ وہ مسلمانوں میں وسعت نظر اور صحیح مذہبی روح پیدا کرنے کے بجائے ان کی جہالت سے کھیل، کھیل رہی ہے، وہی فرسودہ مباحث، وہی فتنہ انگیز مناظرانہ مقالے اور وہی امن سوز مکابرے جن کے ناپاک ہاتھوں سے پوری امتِ مرحومہ کا شیرازہ بکھر کرہ گیا ہے، ان مذہبی رسائل کا سامان زیست بنے ہوئے ہیں محض اس وجہ سے کہ "عوام زیادہ سے زیادہ دلچسپی کا اظہار کر سکیں" اور اپنی دوکان چلتی رہے۔

خالد کا مطمح نظر ماشاء اللہ بہت بلند ہے۔ دردمند مسلمانوں کو ایسے رسالوں کی قدر کرنی چاہیے۔

**الادب** مرتبہ مولوی ضیاء النبی صاحب عباسی دیوبندی۔ ضخامت ۴۰ صفحات۔ شرح چندہ سالانہ عہ۔ مقام اشاعت :۔ اشرف العلوم کانپور

یہ ایک ادبی اور مذہبی ماہنامہ ہے۔ اب تک اس کے چھ نمبر نکل چکے ہیں، اس کی خصوصیت یہ ہے کہ زبان آسان اور عام فہم ہے۔ کم استعداد رکھنے والے بھی بخوبی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، رسالہ معنوی اور صوری دونوں لحاظ سے غنیمت ہے، معیار متوسط، مضامین میں تنوع، لیکن ترتیب میں اصلاح کی کافی گنجائش۔

---

© rasailojaraid.com